**Fazil/Tausif**

**21-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی کل بہار اور مغربی بنگال کے دورے پر جائیں گے، جہاں وہ کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- ریلوے کا محکمہ دیوالی اور چھٹھ پوجا کے دوران بہار کیلئے 12 ہزار سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

3- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ گزشتہ 4 سال کے دوران بھارت-روس تجارت میں اشیاء اور سامان کے اعتبار سے 5 گُنا اضافہ ہوا ہے۔

4- اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے غزہ شہر پر قبضہ کرنے اور اُسے اپنے کنٹرول میں لینے کے لیے فوجی کارروائی کے ابتدائی اقدامات کیے ہیں۔

5- بلغاریہ میں 20 سال تک کے عمر کے کھلاڑیوں کی عالمی کُشتی چیمپئن شپ میں بھارت کی Tapsya نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور اوّلین کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹیول آج جموں و کشمیر میں سری نگر کی ڈل جھیل میں شروع ہو رہا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Bihar WB Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل بہار اور مغربی بنگال کے دورے پر جائیں گے۔ اپنے اس دورے میں وزیر اعظم بہار میں گیا میں تقریباً 13 ہزار کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Dharmendra**

*گیا جی سے وزیر اعظم مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ وہ گیا اور دلّی کے درمیان امرت بھارت ایکس پریس اور ویشالی اور کوڈرما کے درمیان **Buddhist** سرکٹ ٹرین کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔*
*وزیر اعظم 6 ہزار 880 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیے گئے 660 میگاواٹ کے بکسر تھرمل*

*پاور پلانٹ کا افتتاح کریں گے۔ وہ مظفر پور میں ہومی بھابھا کینسر ہاسپٹل اینڈ ریسرچ سینٹر کا بھی افتتاح کریں گے۔*

*وزیر اعظم نمامی گنگے پروگرام کے تحت منگیر میں 520 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیے گئے Sewarage Treatment Plant اور Sewerage Network کا بھی افتتاح کریں گے۔*

*اِس کے علاوہ وزیر اعظم 1 ہزار 260 کروڑ روپے مالیت کے شہری بنیادی ڈھانچے سے متعلق مختلف پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔*

*پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں کونین حیدر*

جناب مودی مغربی بنگال کے اپنے دورے میں 5 ہزار 200 کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ وہ کولکاتہ میں نئے تعمیر کیے گئے سیکشن پر میٹرو ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب مودی 7 اعشاریہ 2 کلو میٹر طویل 6 لین والی کونا ایکسپریس وے کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے، جس پر ایک ہزار 200 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔

اس سے ہاوڑہ، آس پاس کے دیہی علاقوں اور کولکاتہ کے درمیان Connectivity میں اضافہ ہوگا۔×

Ashwini Vaishanw Special Train

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اعلان کیا ہے کہ دیوالی اور چھٹ پوجا کے موقع پر بہار کے لیے 12 ہزار خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔ جناب ویشنو اور بہار NDA رہنماؤں کے درمیان ہوئی ملاقات کے بعد یہ اعلان کیا گیا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ ریاست کے رہنماؤں کے ساتھ عوام کی سفری ضروریات پر ہوئے تبادلۂ خیال کے بعد ریلوے کی وزارت نے نہ صرف نئی ٹرینوں بلکہ دیگر کئی اسکیموں اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر کام کیا ہے۔

**SB - 0815 - Ashwini Train**

جناب ویشنو نے مزید کہا کہ عام زمرے کے مسافروں کی سہولت کے لیے 4 نئی امرت بھارت ٹرینیں شروع کی جائیں گی، جو دلّی اور گیا، سہرسہ اور امرتسر، چھپرا اور دلّی اور مظفر پور اور حیدرآباد کو جوڑے گی۔

ریلوے کے وزیر نے مزید بتایا کہ نئی تجرباتی اسکیم کے تحت 13 اکتوبر سے 26 اکتوبر کے درمیان سفر کرنے والے اور 17 نومبر اور 1 دسمبر کے درمیان واپسی کا سفر کرنے والے مسافروں کو کنفرم ٹکٹ ملے گا۔ اِس کے علاوہ اِن مسافروں کو واپسی کے سفر کے کرائے میں 20 فیصد کی رعایت بھی دی جائے گی۔×

EPFO Payroll Data

EPFO میں اِس سال جون کے مہینے میں اب تک کا سب سے بڑا، 21 لاکھ نواسی ہزار اراکین کا مجموعی اضافہ درج کیا گیا ہے۔ یہ اعداد و شمار 9 اعشاریہ ایک چار فیصد کا اضافہ ظاہر کرتے ہیں، جو کہ اپریل 2018 میں شروع کی گئی پے رول ڈیٹا ٹریکنگ کے بعد سے اندراج کی سب سے اونچی سطح ہے۔ محنت اور روزگار کی وزارت نے اپنے بیان میں اطلاع دی ہے کہ اِس مہینے قریب 10 لاکھ 62 ہزار نئے صارفین نے اندراج کیا ہے، جو کہ مئی 2025 کے مقابلے 12 اعشاریہ

چھ آٹھ فیصد کی بڑھوتری ہے اور پچھلے سال جون کے مقابلے 3 اعشاریہ چھ ایک فیصد کا اضافہ ہے۔ وزارت نے بتایا کہ 18 سال سے 25 سال عمر کے گروپ سے تعلق رکھنے والے تقریباً 6 لاکھ 39 ہزار نئے صارفین کا اضافہ ہوا ہے۔×

UIDAI Starlink

بھارت کی منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی نے آدھار پر مبنی صارفین کی بلا رکاوٹ تصدیق کے عمل کے لیے پرائیویٹ سیٹیلائٹ پر مبنی انٹرنیٹ خدمات فراہم کرنے والی کمپنی Starlink کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ ایک بیان میں الیکٹرانکس اور IT محکمے کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس سے بھارت کے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کے بھروسے مند ہونے اور اس کی عمدہ کارکردگی کی عکاسی ہوتی ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مذکورہ تعاون سے یہ بات اُجاگر ہوتی ہے کہ کس طرح آدھار شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بناتے ہوئے خدمات بہم پہنچانے میں اختراعی طریقہ اختیار کر سکتا ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Jaishankar IRIGC

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ گزشتہ 4 سال کے دوران بھارت-روس دوطرفہ تجارت میں اشیاء اور سامان کے اعتبار سے 5 گُنا سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ سال 2021 میں یہ 13 ارب ڈالر تھی، جو 2024-25 میں بڑھ کر 68 ارب ڈالر تک پہنچ گئی۔

البتہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس اضافے کے ساتھ ساتھ بڑا تجارتی عدم توازن بھی پیدا ہوا ہے اور یہ 6 ارب 60 کروڑ ڈالر سے بڑھ کر 58 ارب 90 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا ہے، جو تقریباً 9 گُنا ہے۔ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اس پر فوری طور سے توجہ دیے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔

وہ ماسکو میں روس کے اوّل نائب وزیر اعظم Denis Manturov کے ساتھ بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے 26 ویں اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کر رہے تھے، جو تجارتی، اقتصادی، سائنسی، تکنیکی اور ثقافتی اشتراک سے متعلق ہے۔

**S/B - Jaishankar Bilateral Trade**

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے مختلف شعبوں میں تعاون کے بارے میں تفصیلی تبادلۂ خیال کیا۔ اِن میں تجارت اور اقتصادی شعبہ، زراعت، توانائی، صنعتیں، ہُنر مندی، موبلٹی، تعلیم اور ثقافت شامل ہیں۔×

Israel Gaza Operation

اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ اُس نے غزہ شہر پر قبضہ کرنے اور اِسے اپنے کنٹرول میں لینے کے لیے زمینی کارروائی کے سلسلے میں ابتدائی اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ ایک بڑے حملے کی تیاری کے لیے فوجی اہلکار زیتون اور

Jabalia سمیت مضافاتی علاقوں میں پہلے ہی سرگرمِ عمل ہیں۔
اسرائیل کے وزیر دفاع نے کل متعلقہ منصوبے کو منظوری دی ہے۔ اب اسرائیل کی سکیورٹی کابینہ اس کا جائزہ لے گی۔ اسرائیل کی دفاعی فورسز نے کہا ہے کہ اس کارروائی میں معاونت کے لیے اسرائیل 60 ہزار ریزرو اہلکاروں کو طلب کر رہا ہے، تاکہ وہ بھی اس مشن میں شامل ہوسکیں۔
ایسا امکان ہے کہ اس کارروائی کے نتیجے میں شمالی غزہ سے ہزاروں فلسطینیوں کو جنوب کا رُخ کرنا پڑے گا، جہاں امداد کی قلت وجہ سے پہلے ہی بحران بڑھتا جا رہا ہے۔
اُدھر حماس نے اس اعلان کی مذمت کی ہے اور اسرائیل پر بقول اُس کے عام شہریوں کے خلاف وحشیانہ جنگ کو طول دینے کا الزام لگایا ہے۔
غزہ کی سِول ڈفینس ایجنسی نے کہا ہے کہ کل اسرائیل کے حملوں میں تین بچوں اور اُن کے والدین سمیت 25 افراد مارے گئے۔ ایجنسی کے ترجمان نے غزہ شہر کے زیتون اور Sabra علاقوں کی صورتحال کو بہت خطرناک قرار دیا ہے۔
اُدھر قطر اور مصر نے ایک نئے جنگ بندی سمجھوتے کی تجویز پیش کی ہے، جس میں 60 دن کی عارضی جنگ بندی اور تقریباً آدھے یرغمال افراد کی رہائی شامل ہے۔ حماس کا کہنا ہے کہ اُس نے مذکورہ منصوبے کو قبول کر لیا ہے، لیکن اسرائیل نے ابھی تک باضابطہ طور پر کوئی ردِّعمل ظاہر نہیں کیا ہے۔
اسرائیلی حکام نے کہا ہے کہ وہ مکمل سمجھوتہ چاہتے ہیں، جس میں یرغمال بنائے گئے، سبھی افراد کی رہائی شامل ہو۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج گجرات خطے میں شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ سوراشٹر اور کچھ میں آج انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اِس کے علاوہ محکمۂ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے دوران مہاراشٹر اور ملک کے شمال مشرقی حصے کے مختلف مقامات پر بھی شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ وہیں بہار، چھتیس گڑھ، راجستھان، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، اتراکھنڈ، کونکن اور گوا میں 22 اگست تک موسلادھار بارش ہوسکتی ہے۔
محکمۂ موسیات نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے تین دن کے دوران جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور سکّم کے مختلف مقامات پر بجلی کی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔×

Gujrat Rains

گجرات میں سوراشٹر اور جنوبی گجرات کے ساحلی ضلعوں میں دور دور تک تیز بارش ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ مقامی باندھوں اور دریاؤں کا پانی کنارے سے باہر بہہ رہا ہے، جس کی وجہ سے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے اور خطّے میں روزمرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔
ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جونا گڑھ، دیو بھومی دوارکا، پوربندر اور گیر سومناتھ سمیت بارش سے متاثرہ ضلعوں میں راحت اور بچاؤ کارروائی انجام دی گئی ہے۔

**V/C - Aparna**

*جونا گڑھ ضلعے اور پور بندر کے بعض حصوں میں کل بہت تیز بارش ہوئی۔ جونا گڑھ ضلعے کے Mendarda میں 13 انچ بارش ریکارڈ کی گئی۔ بارش سے متاثرہ ضلعوں کے 200 سے زیادہ گاؤں میں بجلی کی سپلائی پر اثر پڑا ہے۔ پانی بھر جانے کی وجہ سے تقریباً 240 سڑکیں ٹریفک کے لیے بند ہیں۔ اِن میں ریاستی شاہراہیں بھی شامل ہیں۔ کل پور بندر میں بجلی گرنے سے ایک شخص کی موت ہو گئی۔ سوراشٹر کے سب سے بڑے Shetrunjay ڈیم کے تقریباً 56 پھاٹک کھول دیے گئے ہیں اور آس پاس کے گاؤوں میں چوکسی کا اعلان کیا گیا ہے۔ جنوبی گجرات کے ضلعوں میں بھی کہیں اوسط اور کہیں تیز بارش ہوئی ہے۔*

*موسمیات محکمے نے دیو بھومی دوارکا کے لیے ریڈ الرٹ اور سوراشٹر اور جنوبی گجرات کے 10 ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان*

<u>Mumbai Weather</u>

بھارتی موسمیات محکمے نے، مہاراشٹر میں ایک ہفتے سے جاری شدید بارش کے بعد اب موسم بہتر ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ ممبئی اور اس کے مضافاتی علاقوں تھانے، پال گھر، رائے گڑھ اور رتنا گری کے لیے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ پونے کے گھاٹوں کے لیے اورینج الرٹ جبکہ ناشِک اور ستارہ کے گھاٹوں کے لیے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ریاست میں شدید بارش کی وجہ سے 8 لاکھ ہیکٹیئر سے زیادہ زرعی آراضی پر فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔×

<u>Kishtwar Operation</u>

بادل پھٹنے کے بعد آئے اچانک سیلاب سے متاثرہ جموں و کشمیر کے کشتواڑ ضلع کے چسوتی گاؤوں میں تلاش اور بچاؤ کارروائیاں آج لگاتار 8 ویں دن بھی جاری رہیں گی۔

اِس حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 65 ہوگئی ہے، جس میں CISF کے 3 اہلکار اور جموں و کشمیر پولیس کے ایک SPO شامل ہیں۔ حکام کے مطابق 100 سے زیادہ لوگ زخمی ہیں اور 70 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ فوج، NDRF، SDRF، CISF، DRO، پولیس اور مقامی افراد پر مشتمل بچاؤ ٹیمیں، چسوتی سے گلاب گڑھ کے درمیان 22 کلومیٹر کے ندی کے راستے میں بھاری مشینری، سونگھنے والے کتوں اور کنٹرولڈ دھماکوں کے ذریعے بڑی چٹانوں کو ہٹا رہے ہیں اور تلاش کی کارروائی انجام دے رہے ہیں۔

اِس دوران فوج کی انجینئر شاخ کے ذریعے تعمیر کیے گئے پُل سے راحت اور بچاؤ کارروائیوں میں تیزی آئی ہے۔ وزارت داخلہ کے پرنسپل سکریٹری چندراکر بھارتی نے کل جائے حادثے کا دورہ کیا اور برموقع صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مقامی افراد سے بات چیت کی اور بعد میں کشتواڑ میں مشترکہ جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس دوران جناب بھارتی نے فوری اور منظّم ردّ عمل پر زور دیا۔×

U20 Wrestling C'Ships

بلغاریہ میں 20 سال تک کے عمر کے کھلاڑیوں کی عالمی کُشتی چیمپئن شپ میں Tapsya نے بھارت کے لیے سونے کا پہلا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے خواتین کے 57 کلو گرام کے زمرے کے فائنل میں ناروے کی پہلوان کو 5-2 سے ہرا دیا۔

خواتین کے 68 کلو گرام کے زمرے میں بھارت کی Srishti کو چاندی کا تمغہ ملا۔ وہ فائنل میں جاپان کی Ray Hoshino سے سات-صفر سے ہار گئیں۔

اِدھر پریا ملِک اور Reena اپنے زمروں میں فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

مردوں کے مقابلوں میں، 57 کلو گرام کے زمرے میں Sumit Malik کو چاندی کا تمغہ ملا۔ وہ 57 کلو گرام کے زمرے میں روس کے پہلوان سے آٹھ-پانچ سے ہار گئے۔

اس عالمی کُشتی چیمپئن شپ میں بھارتی پہلوانوں نے اب تک تین تمغے جیتے ہیں۔ ان میں سونے کا ایک اور چاندی کے دو تمغے شامل ہیں۔

اسپین میں پچھلے سال کی عالمی چیمپئن شپ میں بھارت نے مجموعی طور پر 7 تمغے حاصل کیے تھے، جن میں سونے کا ایک، چاندی کا ایک اور کانسے کے 5 تمغے شامل تھے۔×

Khelo India Water Sports Festival

پہلا کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول آج سے جموں و کشمیر میں سری نگر کی خوبصورت ڈل جھیل میں شروع ہوگا۔

اِس 3 روزہ قومی ٹورنامنٹ میں 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 400 سے زیادہ چوٹی کے کھلاڑی Rowing، Kayaking اور Canoeing جیسے کھیلوں میں سونے کے 24 تمغوں کے لیے مقابلہ آرائی کریں گے۔

یہ عمر کی حد سے آزاد پہلی قومی چیمپئن شپ ہے، جس کے سبھی 24 کھیل، اولمپک کے کھیلوں کے پروگرام کا حصہ ہیں۔ اِس فیسٹول میں 3 مقابلوں، واٹر اسکینگ، شکارہ بوٹ دوڑ اور ڈریگن بوٹ دوڑ کا مظاہرہ بھی کیا جائے گا، جس کا مقصد سیاحت کو فروغ دینا ہے۔

کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول 2025 کو پرسار بھارتی اسپورٹس کے یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ یہ مقابلے، بھارت میں DD اسپورٹس ٹی وی چینل پر بھی براہ راست نشر ہوں گے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: کونین

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس سے متعلق خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے ''130 واں آئینی ترمیمی بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد''

نائب صدر کے انتخاب کے لیے NDA کی طرف سے امیدوار سی پی رادھا کرشنن کے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جانے سے متعلق خبر کو اردو اخبارات نے اپنے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا پر عوامی سماعت کے دوران ہوئے حملے سے متعلق خبر کو بھی تقریباً سبھی اردو اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

بھارت اور چین نے راست پروازیں بحال کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور کئی دیگر اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے افغانستان میں سڑک حادثے میں 17 بچوں سمیت 79 افراد کی موت ہونے سے متعلق خبر کو اپنے صفحۂ اول پر نمایاں کیا ہے۔

اِس کے علاوہ آج کے اردو اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اِس طرح ہیں:-

☆ غزہ میں پہنچائی جانے والی امداد قحط روکنے کے لیے ناکافی : اقوام متحدہ

☆ زیلینسکی کے خاتمے کے لیے پوتن سے ملاقات کے لیے تیار۔

☆ ایران کا اسرائیل کو انتباہ، نئے طاقتور میزائلوں کی تعیناتی کی تیاری۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی کل بہار اور مغربی بنگال کے دورے پر جائیں گے، جہاں وہ کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- ریلوے کا محکمہ دیوالی اور چھٹھ پوجا کے دوران بہار کیلئے 12 ہزار سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

3- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ گزشتہ 4 سال کے دوران بھارت-روس تجارت میں اشیاء اور سامان کے اعتبار سے 5 گُنا اضافہ ہوا ہے۔

4- اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے غزہ شہر پر قبضہ کرنے اور اُسے اپنے کنٹرول میں لینے کے لیے فوجی کارروائی کے ابتدائی اقدامات کیے ہیں۔

5- بلغاریہ میں 20 سال تک کے عمر کے کھلاڑیوں کی عالمی کُشتی چیمپئن شپ میں بھارت کی Tapsya نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور اوّلین کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹیول آج جموں وکشمیر میں سری نگر کی ڈل جھیل میں شروع ہو رہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---